# 20660 ـ طلاق کی نیت کی لیکن الفاظ ادا نہیں کیے توکیا طلاق ہوگی ؟

**سوال**

جب کوئي شخص یہ اعلان کرے کہ وہ کسی دوسرے شخص کے لیے اپنی بیوی کو طلاق دینا چاہتا ہے ، توکیا طلاق واقع ہوگی ؟
اس نے طلاق کےالفاظ نہیں بولے لیکن یہ کہا ہے کہ وہ عنقریب طلاق دے دے گا ، اس نےنیت تو کی لیکن کیا نہیں ، توکیا ان کا آپس میں شادی کا بندھن موجود ہے ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

یہ طلاق نہیں ہوگی ، جب خاوند نے طلاق کے الفاظ کی ادائیگي کی ہی نہیں توطلاق کے وقوع میں صرف اکیلی نیت ہی کافی نہیں ۔

جمہور علماء کا قول تو یہی ہے جیسا کہ حافظ ابن حجر رحمہ اللہ تعالی نے فتح الباری ( 9 / 394 ) میں اور ابن قدامہ رحمہ اللہ تعالی نے المغنی ( 7 / 121 ) میں عام اہل علم سے نقل کیا ہے ، اوراس میں امام بخاری اورامام مسلم رحمہ اللہ تعالی کی مندرجہ ذیل حدیث سے استدلال کیا ہے :

ابوھریرہ رضی اللہ تعالی عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا :

( اللہ تعالی نے میری امت کے دلوں میں پیدا ہونے والی اشیاء کومعاف کردیا ہے جب تک وہ اس پر عمل نہ کرلیں یا پھرزبان پر نہ لائيں ) صحیح بخاری حدیث نمبر ( 2528 ) صحیح مسلم حدیث نمبر ( 327 ) ۔

قتادہ رحمہ اللہ تعالی کا کہنا ہے : ( جوکہ حدیث کے ایک راوی ہیں ) جب وہ اپنے دل میں ہی طلاق دے تو وہ کچھ بھی نہیں ( یعنی واقع نہیں ہوگی )

اورشیخ ابن باز رحمہ اللہ تعالی کہتے ہیں :

صرف نیت سے طلاق نہیں ہوتی بلکہ الفاظ یا پھر لکھنے سے واقع ہوتی ہے ، اوراوپر بیان کی گئي حدیث سے ہی استدلال کیا ہے ۔

دیکھیں فتاوی اسلامیہ ( 3 / 279 ) ۔

واللہ اعلم .